# اسکولوں میں نوجوانوں کے لئے معاشرتی انصاف

## Social Justice for Youth in School

Urdu



## حوالاجات


http://www.justice.gc.ca/eng/rp-pr/csj-sjc/jsp-sjp/rp02_8-dr02_8/p6.html

http://en.unesco.org/themes/women-s-and-girls-education

http://www.genderandeducation.com/resources-2/inclusion/promoting-gender-equality-in-schools/

http://www.theatlantic.com/education/archive/2014/03/the-never-ending-controversy-over-all-girls-education/284508/

https://blogs.unicef.org/evidence-for-action/migrant-children-face-higher-rates-of-bullying/

http://international.gc.ca/world-monde/aid-aide/child_soldiers-enfants_soldats.aspx?lang=eng

http://rightsofchildren.ca/wp-content/uploads/2016/01/CCRC-report-on-rights-of-children-in-Canada.pdf

https://www.bullyingcanada.ca/what-is-bullying

http://www.legalrightsforyouth.ca/rights-and-responsibilities/legal-responsibilities

http://www.legalrightsforyouth.ca/



Saskatchewan SWIS Coordination
SSC

Funded by: Immigration, Refugees and Citizenship Canada

Financé par: Immigration, Réfugiés et Citoyenneté Canada

Brought to you by:
www.swissask.ca

# نسلی مساوات

مختلف ثقافتوں، اقوام، نسلوں اور خاندانوں کے لوگ کینیڈا میں مقیم ہوتے ہیں۔ کینیڈا ایک کثیر الثقافتی ملک ہے جسے تنوّع پر فخر ہے اور کینیڈا کے اسکول بھی اس میں شامل ہیں۔ نسلی امتیاز غیر قانونی ہے اور کینیڈا کے حقوق اور آزادی کے چارٹر (Canadian Charter of Rights and Freedoms) کی خلاف ورزی ہے۔ ماضی میں کینیڈا میں دکھائی دینے والی اقلیتیں مثلاً مقامی باشندے اور تارکینِ وطن نسل پرستی کا شکار رہے ہیں۔ تاہم کمیونٹی کے ساتھ یگانگت کے ذریعے امتیاز کی اس روایت کو روکنا انتہائی ضروری ہے۔ یہ کثیر الثقافت کی خصوصیت کو تسلیم کرنے اور یہ سمجھنے کے لئے کہ تنوّع کینیڈا کی ثقافت کا حصّہ ہے، بہت ضروری ہے۔





# اسکولوں میں نوجوانوں کے لئے معاشرتی انصاف

کینیڈا میں نئے آنے والے نوجوانوں کے لئے خود کو اسکول کے ماحول میں ڈھالنا مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔ عام طور پر بچے اور نوجوان اسکول میں مشکل تجربات سے گزرتے ہیں جس میں غنڈہ گردی اور جھگڑے شامل ہیں۔ تارکینِ وطن اور پناہ گزینوں کے لئے یہ مشکلات ان کے گزشتہ تجربات اور پس منظر کی وجہ سے کینیڈا میں پیدا ہونے والے طالب علموں کے مقابلے میں زیادہ سخت ہو سکتی ہیں۔ شمالی امریکی معاشرے سے مانوس ہونے میں وقت لگتا ہے اور ایسا ہونا ایک دن میں ممکن نہیں ہے۔ مثالی صورتحال یہ ہوگی کہ اسکولوں میں نئے آنے والے طالب علموں کو ماحول سے مطابقت اور تعلیمی کامیابیوں میں مدد فراہم کرنے کے لئے ترجمان اور کاؤنسلر موجود ہوں۔ لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا اس کے علاوہ اسکولوں میں عدم مساوات اور ناانصافی سے متعلق مسائل بھی ہو سکتے ہیں۔ ملک کے لحاظ سے انصاف کے تصوّرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ کینیڈا میں معاشرتی انصاف میں مساوات اور تمام افراد کے لئے انسانی حقوق کا فروغ شامل ہے۔





# بچوں کے حقوق

کینیڈا میں بچوں اور نوجوانوں کے حقوق کو قانونی تحفظ حاصل ہے۔ بچوں کے حقوق میں درج ذیل حقوق شامل ہیں:

- ہر قسم کے تشدّد سے آزادی
- غربت سے آزادی
- کام کی جگہ پر استحصال اور جنسی استحصال سے آزادی
- صحت مند حالات میں زندگی گزارنے اور صحت کی دیکھ بھال کا حق
- تعلیم حاصل کرنے کا حق
- معلومات تک رسائی کا حق
- مجرمانہ انصاف کے منفرد نقطہ نظر کا حق
- بچپن میں دیکھ بھال اور نشونما کا حق
- کھیلنے کا حق
- خاندان، شناخت اور ثقافت کا حق

پناہ گزین اور تارکینِ وطن بچوں اور نوجوانوں کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ امیگریشن آفیسر انسان دوستی اور شفقت سے ان کے بہترین مفادات کو پیشِ نظر رکھیں (Convention on the Rights of the Child / بچے کے حقوق پر کنونشن) اس کا مطلب یہ ہے کہ امیگریشن کے عمل میں کوئی فیصلہ کرنے سے قبل ہر بچے کے بہترین مفاد کو زیرِ غور لائے گا۔ ان کے علاوہ کینیڈا میں نوجوانوں کو دیگر تمام افراد والے حقوق بھی حاصل ہیں مثلاً عدالت میں مجرم ثابت ہونے تک بے گناہ تصوّر کیے جانے کا حق، منصفانہ مقدمے کا حق اور ظالمانہ سزاؤں سے تحفظ کا حق۔

# صنفی مساوات

غنڈہ گردی بہت سے بچوں کی روزمرّہ زندگی کا حصّہ ہوتی ہے۔ اس میں اسکول میں دوسرے طالب علموں کو نقصان پہنچانے یا ڈرانے کے لئے استعمال ہونے والا ہر رویّہ جو ضروری نہیں کہ جسمانی ہی ہو، شامل ہے۔ غنڈہ گردی زبانی بھی ہو سکتی ہے مثلاً دھمکیاں اور کسی کی جسمانی خصوصیات، نسل، قومیت یا جنسی رجحان کے بارے میں حقارت آمیز تبصرے، دوسرے بچوں کو الگ کر دینا، ذلیل کرنا، افواہیں پھیلانا اور جسمانی تکلیف پہنچانا بھی غنڈہ گردی کی مثالیں ہیں۔
غنڈہ گردی کے نتائج ہمیشہ منفی ہوتے ہیں، جس میں غنڈہ گردی کے شکار شخص کی خود اعتمادی میں کمی، خود کشی کی سوچیں، دماغی صحت کے مسائل اور تنہائی شامل ہے۔ غنڈہ گردی کرنا ہرگز قابلِ قبول نہیں ہے۔



# اچھے شہری کی حیثیت سے نوجوانوں کی ذمہ داریاں

کینیڈا میں ہر شخص کے لئے قانون کی پاسداری ضروری ہے، خواہ وہ اس سے اختلاف ہی کیوں نہ رکھتے ہوں۔ یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ ہر شخص قانون جانتا ہے۔ اس میں اختیار رکھنے والے عہدوں (مثلاً حکومت، فوج اور پولیس) پر فائز افراد اور عام شہری دونوں شامل ہیں۔ کینیڈا میں جہاں تمام افراد کو حقوق اور آزادی فراہم کی جاتی ہے وہیں انہیں دوسرے لوگوں کے حقوق کا بھی احترام کرنا چاہیئے۔ ایسا نہ کرنے کا نتیجہ الزامات اور اس شخص کے خلاف قانونی کاروائی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔
12 سے 17 سال کی عمر کے درمیان تمام نوجوانوں پر یوتھ کریمنل جسٹس ایکٹ (Youth Criminal Justice Act) کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر کوئی نوجوان جرم کا ارتکاب کرتا ہے تو اسے جج کے ذریعے مقدمے کی کاروائی کے لئے یوتھ کریمنل کورٹ بھیجا جا سکتا ہے۔ ہر کسی کو عدالت میں وکیل کی طرف سے نمائندگی کا اور اپنے انسانی حقوق کے احترام کا حق حاصل ہے۔




# غنڈہ گردی

غنڈہ گردی بہت سے بچوں کی روز مرّہ زندگی کا حصّہ ہوتی ہے۔ اس میں اسکول میں دوسرے طالب علموں کو نقصان پہنچانے یا ڈرانے کے لئے استعمال ہونے والا ہر رویّہ جو ضروری نہیں کہ جسمانی ہی ہو، شامل ہے۔ غنڈہ گردی زبانی بھی ہو سکتی ہے مثلاً دھمکیاں اور کسی کی جسمانی خصوصیات، نسل، قومیت یا جنسی رجحان کے بارے میں حقارت آمیز تبصرے، دوسرے بچوں کو الگ کر دینا، ذلیل کرنا، افواہیں پھیلانا اور جسمانی تکلیف پہنچانا بھی غنڈہ گردی کی مثالیں ہیں۔
غنڈہ گردی کے نتائج ہمیشہ منفی ہوتے ہیں، جس میں غنڈہ گردی کے شکار شخص کی خود اعتمادی میں کمی، خود کشی کی سوچیں، دماغی صحت کے مسائل اور تنہائی شامل ہے۔ غنڈہ گردی کرنا ہرگز قابلِ قبول نہیں ہے۔

